# LGBTQ

# نگہداشت صحت حقوق کا بل

**نیو یارک سٹی میں عوامی سہولیات میں، بشمول نگہداشت صحت کے اداروں میں کسی فرد کے جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا غیر قانونی ہے۔**

***نیو یارک سٹی میں نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کرتے وقت آپ کو یہ حقوق حاصل ہیں:***

**1.** نگہداشت صحت کے *تمام* اداروں میں *تمام* فراہم کنندگان، عملہ کے ممبران اور رضاکاران کے ذریعے وقار، احترام اور پیشہ واریت کے ساتھ برتاؤ کیے جانے کا حق

**2.** ہمدردانہ، غیر تحکمانہ اورجامع نگہداشت موصول کرنے کا حق جو آپ کے جنسی رجحان، جنسی رویے، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کو ملحوظ خاطر رکھتا ہو۔ یہ حق *تمام* صحت خدمات پر، درج ذیل پر خصوصی توجہ کے ساتھ لاگو ہوتا ہے:

**2a.** ابتدائی نگہداشت

**2b.** ہنگامی نگہداشت

**2c.** جنسی صحت کی دیکھ بھال، بشمول تدارکی خدمات؛ خطرے اور ضرر میں کمی سے متعلق مشاورت، اور جانچ اور علاج برائے HIV، جنسی لحاظ سے منتقل شدہ انفیکشنز، وائرل ہیپاٹائٹس اور HPV سے متعلق کینسرز

**2d.** صنف کی منتقلی سے متعلق نگہداشت

**2e.** تولیدی صحت کی نگہداشت اور خاندانی منصوبہ بندی

**2f.** ذہنی اور رویہ جاتی صحت کی نگہداشت

**2g.** صدمہ کے بعد نگہداشت، بشمول منافرت کے تشدد، جنسی تشدد اور قُربیٰ پارٹنر کے تشدد کے بعد نگہداشت

**2h.** الکحل اور منشیات کے استعمال کی قدر پیمائی، مشاورت اور علاج

**3.** آپ کی صحت اور نگہداشت صحت کی ضروریات،

بشمول آپ کی جنسی سرگزشت، موجودہ جنسی زندگی، جنسی مسرت اور تعلقات کے بارے میں فراہم کنندگان کے ساتھ مؤدبانہ گفتکو کرنے کا حق

**4.** آپ کی صنفی شناخت اور صنفی اظہار کو تسلیم شدہ، ثابت شدہ اور ضبط تحریر شدہ رکھنے کا حق، بشمول:

**4a.** عملہ کے ممبران جو آپ کا خود کا دیا ہوا نام اور

***اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کے ساتھ آپ کے جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی بنیاد پر غلط برتاؤ کیا گیا ہے یا نگہداشت یا خدمات سے آپ کو منع کیگیا ہے تو 311 پر یا 718-722-3131 پر کال کرکے نیو یارک سٹی کے کمیشن برائے انسانی حقوق (New York City Commission on Human Rights) کے پاس شکایت درج کرائیں۔***

NYC Health

اسمائے ضمائر استعمال کرتے ہیں، اور آپ کے جسم کو بیان کرنے کے لیے آپ جو زبان استعمال کرتے ہیں اس کی عکس بندی

**4b.** ان کاغذی اور الیکٹرانک فارموں اور طبی ریکارڈوں تک رسائی جن میں آپ کا خود کا دیا ہوا نام، اسمائے ضمائر اور صنفی مارکرز استعمال ہوتے ہیں

**4c.** آپ کی صنفی شناخت اور صنفی اظہار کے بموجب جنس واحد والی سہولیات تک رسائی

**5.** آپ کی ذاتی معلومات کے حوالے سے فراہم کنندگان کی درخواستوں کی واضح وضاحتوں کا حق، بشمول جن کے ساتھ معلومات کا اشتراک کیا جا سکتا ہے اور ان معلومات کو موقوف رکھنے کا حق

**6.** تمام طبی طریق کار اورخطرات کی واضح وضاحتوں کا حق؛ کوئی بھی علاج منتخب یا مسترد کرنے اورآپ کے علاج کو خطرے میں ڈالے بغیر تحقیق میں شرکت کرنے سے انکار کرنے کاحق

**7.** جنسی رجحان، صنفی شناخت اور صنفی اظہار کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے بغیر صحت سے متعلق کوریج اور مراعات تک رسائی کا حق

**8.** یہ انتخاب کرنے کا حق کہ کون آپ کے لیے طبی فیصلے کرے گا اگر آپ یہ کام کرنے سے قاصر ہوں؛ اور نابالغوں کے لیے، ان فیصلوں میں آپ کی خواہشات اور بہترین مفادات کو شامل کیے جانے کا حق

**9.** اگر آپ نگہداشت صحت کی سہولت میں داخل ہوتے ہیں تو یہ فیصلہ کرنے کا حق کہ کون آپ سے مل سکتا ہے اور کون نہیں مل سکتا ہے

**10.** تخلیہ اور رازداری کا حق

**یہ حقوق نیو یارک سٹی کے نگہداشت صحت کے ان تمام اداروں پر جہاں طبی اور دیگر سماجی تعاون کی خدمات پیش کی جاتی ہیں، بشمول ہسپتال؛ ایمرجنسی رومز، فوری نگہداشت کے مراکز؛ کلینکس؛ فزیشین، نرس پریکٹشنرز اور فزیشین کے معاونین کے دفاتر؛ نرسنگ ہومز اور طویل مدتی نگہداشت کی سہولیات؛ اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں پر لاگو ہوتے ہیں۔**

**یہ حقوق نیو یارک سٹی کے تمام مکینوں اور پانچوں بورو میں نگہداشت موصول کرنے والے ملاقاتیوں پر لاگو ہوتے ہیں۔**

**مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health/lgbtq ملاحظہ کریں۔**